نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغاخان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729,E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment Twitter:@agri_department

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے بہاریہ کماد کیلئے زمین کی تیاری بارے سفارشات جاری کر دیں

لاہور:22فروری 2025: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق صوبہ پنجاب میں گنے کی فی ایکڑ اوسط پیداوار تقریباً744 من فی ایکڑ ہے۔ بہاریہ کماد کی کاشت کا موزوں وقت 15 فروری سے 15 مارچ تک ہے۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہا ہے کہ کماد کی کاشت کے لیے زمین کی تیاری گہرے مل (چیزل) سے کریں پھر عام ہل چلا کر سہاگہ دیں اور گنے کے مخصوص رجر کے ذریعے 8 سے 10 انچ گہری کھیلیاں 4فٹ کے فاصلہ پر بنائیں جس سے کھیلی ہی میں تقریباً9 انچ کے فاصلہ پر چھوٹے سیاڑ بن جاتے ہیں جن کو الگ الگ صحیح سمت میں رکھا جاسکتا ہے اس طرح اگاؤ اور جھاڑ بہتر حاصل ہوتا ہے۔ ان کھیلیوں میں پہلے فاسفورس اور پوٹاش کی کھاد ڈالیں اور پھر بیج ڈال کر مٹی کی ہلکی ہی تہیہ سے ڈھانپ دیں۔ مٹی ڈالنے کے لیے سہاگہ نہ چلائیں بلکہ ہاتھ یا پاؤں سے مٹی ڈالیں اور پھر ہلکا پانی اس طرح لگائیں کہ کھیلی کا ایک تہائی حصہ ہی سیراب ہو اور جب گہری کھیلیاں خشک ہونے لگیں تو پھر پانی لگا دیں اس طرح کماد کے اگنے ہیں حسب ضرورت پانی دیتے رہیں۔ زمین کی پیداواری صلاحیت اور زمین کی زرخیزی کو بحال رکھنے کے لیے اس میں گوبر کی گلی سڑی کھاد بحساب 3 سے 4 ٹرالیاں فی ایکڑ ضرور ڈالنی چاہیے۔

☆☆☆☆